# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 2, 2026

# Record 415 Companies Incorporated in a Single Day as May Registrations Reach 3,161

**Islamabad, June 2:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) registered 3,161 new companies during May 2026, reflecting continued growth and increasing confidence in the country's corporate sector, despite reduced working days due to the Eid-ul-Adha holidays. With 99.9% of companies registered online, the total number of registered companies in Pakistan has reached 297,239.

Notably, during the month, the SECP set a new benchmark by incorporating 415 new companies in a single day, marking the highest number of company incorporations in the Commission's history. This breakthrough achievement demonstrates the growing trend toward corporatization, improved ease of doing business, and the effectiveness of the SECP's facilitative registration framework, which continues to enable entrepreneurs and businesses to formalize their operations efficiently and conveniently.

Geographically, Punjab remained the hub of business activity, accounting for 1,643 (52%) of new registrations. This was followed by the Islamabad Capital Territory with 596 (19%), Sindh with 479 (15%), Khyber Pakhtunkhwa with 260 (8%), Gilgit-Baltistan with 112 (4%), and Balochistan with 71 (2%).

The trend toward formalization is clearly reflected in the choice of corporate structures, with private limited companies remaining the preferred option, accounting for 1,884 registrations (60%). This is followed closely by single-member companies (SMCs), which account for 1,212 registrations (38%), while limited liability partnerships (LLPs) and other categories comprised the remaining 65 (2%). The high percentage of SMCs highlights a significant rising trend of individual entrepreneurship and the successful formalization of small-scale businesses across the country.

The information technology and e-commerce sector continues to serve as the primary engine of corporate growth, leading the monthly registrations with 598 new incorporations. The broader diversification of Pakistan's corporate landscape is further evidenced by robust performance across other key industries, including trading with 503 companies, services with 404, and real estate development and construction with 303. Additionally, the tourism and transport sector showed significant activity with 206 new companies, reflecting well-rounded expansion across multiple segments of the economy.

International trust in Pakistan's regulatory environment continued to show sustained growth in May 2026, with foreign participation recorded from 17 countries across 80 local companies. China emerged as the leading foreign investor with 89 shareholders, followed by Afghanistan with 5, the United States with 3, and Belgium, Russia, and South Korea with 2 shareholders each, among others. This global interest also resulted in significant capital inflows, as foreign investors contributed total paid-up capital of PKR 139.4 million. Chinese investors made the largest contribution, amounting to PKR 132.3 million.

SECP

## SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 2, 2026

# مئی میں 3,161 نئی رجسٹریشنز، ایک ہی دن میں ریکارڈ 415 کمپنیوں کا اندراج

اسلام آباد، 2 جون: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مئی 2026 کے دوران 3,161 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کیں، جو عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے باعث کام کے دن کم ہونے کے باوجود ملک کے کارپوریٹ سیکٹر میں مسلسل ترقی اور بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتا ہے۔ 99.9 فیصد کمپنیوں کی آن لائن رجسٹریشن کے ساتھ، پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی کل تعداد 297,239 تک پہنچ گئی ہے۔

خاص طور پر، اس مہینے کے دوران ایس ای سی پی نے ایک ہی دن میں 415 نئی کمپنیوں کا اندراج کر کے ایک نیا سنگ میل قائم کیا، جو کمیشن کی تاریخ میں ایک دن میں کمپنیوں کی رجسٹریشن کی سب سے بڑی تعداد ہے۔ یہ غیر معمولی کامیابی کارپوریٹائزیشن کی طرف بڑھتے ہوئے رجحان، کاروبار کرنے میں آسانی اور ایس ای سی پی کے آسان رجسٹریشن فریم ورک کی تاثیر کو ظاہر کرتی ہے، جو کاروباری افراد اور کمپنیوں کو اپنے کام کو مؤثر اور آسان طریقے سے قانونی دائرہ کار میں لانے کے قابل بنا رہا ہے۔

جغرافیائی لحاظ سے، پنجاب کاروباری سرگرمیوں کا مرکز رہا، جہاں 1,643 (52 فیصد) نئی رجسٹریشنز ہوئیں۔ اس کے بعد بالترتیب اسلام آباد 596 (19 فیصد)، سندھ 479 (15 فیصد)، خیبر پختونخوا 260 (8 فیصد)، گلگت بلتستان 112 (4 فیصد) اور بلوچستان 71 (2 فیصد) کے ساتھ شامل رہے۔

کمپنیوں کو قانونی شکل دینے کا رجحان کارپوریٹ ڈھانچے کے انتخاب سے واضح طور پر ظاہر ہوتا ہے، جس میں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں سب سے پسندیدہ انتخاب رہیں، جن کی تعداد 1,884 (60 فیصد) رہی۔ اس کے بعد سنگل ممبر کمپنیاں رہیں جن کی رجسٹریشنز 1,212 (38 فیصد) رہیں، جبکہ لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپس اور دیگر کیٹیگریز میں بقیہ 65 (2 فیصد) کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ سنگل ممبر کمپنیوں کا یہ اعلیٰ تناسب ملک بھر میں انفرادی کاروبار (انٹرپرینیورشپ) کے بڑھتے ہوئے رجحان اور چھوٹے پیمانے کے کاروباروں کے کامیاب اندراج کو ظاہر کرتی ہے۔

انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ای کامرس کا شعبہ کارپوریٹ ترقی کا بنیادی انجن بنا ہوا ہے، جس نے 598 نئے اندراجات کے ساتھ ماہانہ رجسٹریشنز میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ پاکستان کے کارپوریٹ منظر نامے میں وسیع تنوع دیگر اہم صنعتوں کی بہترین کارکردگی سے بھی عیاں ہے، جس میں ٹریڈنگ کی 503، سروسز کی 404، اور رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن کی 303 کمپنیاں شامل ہیں۔ مزید برآں، سیاحت اور ٹرانسپورٹ کے شعبے نے 206 نئی کمپنیوں کے ساتھ نمایاں سرگرمی دکھائی، جو معیشت کے متعدد حصوں میں ہمہ جہت پھیلاؤ کی عکاسی کرتی ہے۔

پاکستان کے ریگولیٹری ماحول پر بین الاقوامی اعتماد میں مئی 2026 کے دوران بھی مسلسل اضافہ دیکھا گیا، جہاں 17 ممالک کی جانب سے 80 مقامی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ریکارڈ کی گئی۔ چین 89 شیئر ہولڈرز کے ساتھ سرکردہ غیر ملکی سرمایہ کار کے طور پر ابھرا، جس کے بعد افغانستان کے 5، امریکہ کے 3، اور بیلجیم، روس اور جنوبی کوریا کے 2، 2 شیئر ہولڈرز شامل ہیں۔ اس عالمی دلچسپی کے نتیجے میں نمایاں سرمایہ بھی ملک میں آیا، جہاں غیر ملکی سرمایہ کاروں نے کل 139.4 ملین روپے کا پیڈاپ کیپیٹل فراہم کیا۔ اس میں سب سے بڑا حصہ